देवर

دیور

اداکاران
دھرمیندر ۔ شرمیلا ٹیگور
ششی کلا ۔ قیمت دس نئے پیسے

ن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

دیوار فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

اُو آپ آئے تو دِل کو قرار آ جائے
خزاں بھی ہو تو چمن میں بہار آ جائے
دُنیا میں ایسا کہاں سب کا نصیب ہے
کوئی کوئی اپنے پیا کے قریب ہے
دُنیا میں ....

دُور ہی رہتے ہیں اُن سے کنارے
جن کو نہ کوئی مانجھی پار اُتارے
ساتھ ہے مانجھی تو کنارا بھی قریب ہے
دُنیا میں ....

چاہے بجھا دے کوئی دیپک سارے
پریت بجھاتی جائے راہوں میں تارے
پریت دیوانی کی کہانی بھی عجیب ہے
دُنیا میں ....

برکھا کی رُت ہو یا دِن ہوں بہار کے
لگتے ہیں سونے سونے بنا تیرے پیار کے
تو ہے تو زندگی نصیب ہے
دُنیا میں ....

گانا نمبر ۲: سکا جل والے نین ملا کے کر ڈالا بے چین
کسی متوالی نے ارے رے رے
لوٹ لیا رے جیا نخرے والی نے

زلفیں لبوں کو چوم رہی تھیں
ایک گھٹا سی جھوم رہی تھی
پنگھٹ سے ہائے چلی آ رہی تھی وہ
اٹھلاتے ہوئے لہراتے ہوئے ترساتے ہوتے
دل سے نکلی ہائے مجھے جب دیکھا
نین جھکائے گالوں کی ڈالی نے

چاند سی گوری شوخ حسینہ
ہائے مشکل کر گئی مرنا جینا
ایک جھلک میں ہوا حال یہ
کہ میں دیوانہ بنا مستانہ بنا
پروانہ بنا میں کھو بیٹھا ہوش
مجھے کر ڈالا یوں مدہوش
نشے کی پیالی نے ارے رے رے لوٹا

کل سپنے میں پھر آئی تھی ہم دونوں تھے تنہائی تھی
گھونگھٹ میں ہائے چھپی جا رہی تھی وہ
شرماتے ہوئے گھبراتے ہوئے مسکاتے ہوئے
بیتی ساری رات نا سمجھی
میرے دل کی بات بھولی بھالی نے

گانا نمبر ۳ دلہن نے چھوڑ کے ہے کیوں جھانکا میں کتنی نادان
سامنے چھت سے دیکھ رہا تھا مجھ کو وہ بے ایمان
میں مر گئی مشکل میں پڑ گئی جان
چل گئے نینوں کے تیر کمان

وہ روز چھت پر آنے لگا
ہاتھوں سے دل ہائے جانے لگا
زلفیں میری بن کے ہوا کا جھونکا کوئی بکھرانے لگا
الفت میں ہے دھوکا نا جانا جانیں نے روکا
ٹھہرا نہ دلِ انجان — میں مر گئی...

کوشش بہت کی اُس نے مگر
ملنے نہیں دی میں نے نظر
اک روز لیکن تو بہ میری بیٹھی ہوئی تھی بے خبر
ایسے میں وہ آ کے میری آنکھوں میں
سما کے بن بیٹھا میرا مہمان

میں نے محبت کی ہے ضرور
اس میں نہیں کچھ میرا قصور
وہ آ گیا میرے اِتنا قریب
میں رہ سکی نہ ظالم سے دور
بادل جب جھکا ہے کس کے روکے رُکا ہے
آیا آیا ندی میں طوفان
میں مر گئی....

گانا نمبر ۴:- رہ رہ آیا ہے مجھے پھر یاد وہ ظالم
گزرا زمانا بچپن کا
ہائے رے اکیلے چھوڑ کے جانا اور نہ آنا بچپن کا
وہ کھیل وہ ساتھی وہ جھولے
وہ دوڑ کے کہنا آ چھو لے
ہم آج تلک بھی نہ بھولے
وہ خواب سہانا بچپن کا
اس کی سب کو پہچان نہیں یہ دو دن کا مہمان نہیں
مشکل ہے بہت آسان نہیں
یہ پیار بھلانا بچپن کا
مل کر رو ئیں فریاد کریں ان بیتے دنوں کی یاد کریں
اے کاش کہیں مل جائے کوئی
جو میت پرانا بچپن کا
گانا نمبر ۵:- ہائے روٹھے سیّاں ہمارے کیوں روٹھے
نا تو ہم بولے نا تو ہم جھوٹے - سیّاں ...
چین نہ آئے ہمیں نیند نہ آئی دیتے ہیں ساری رین دہائی
کوئی ان کی بھی یہ نندیا لوٹے
روٹھے سیّاں ...
کیسے نا تڑپے دل یہ دیوانہ
تجھ ہی تو کہتا ہے سارا زمانہ
لگی چھوٹے نا چاہے دنیا چھوٹے - روٹھے سیّاں -

اُن کو ہنسایا ہر ایک ادا سے
ہائے مگر تو یہ اُن کی بلا سے
وہ نا مانے ہائے رام کسی کا چاہے دِل ٹوٹے

گانا نمبر ۶:۔ بہاروں نے میرا چمن لوٹ کر
خزاں کو یہ الزام کیوں دے دِیا
کِسی نے چلی دُشمنی مگر
اسے دوستی کا نام کیوں دے دِیا
بَس سمجھا نہیں اے میرے ہمنشیں
سزا یہ مِلی ہے مجھے کِس لئے
کہ ساقی نے لب سے میرے چھین کر
کِسی اَور کو جام کیوں دے دِیا
مجھے کیا پتہ تھا کبھی عشق میں
رقیبوں کو قاصد بنانے نہیں
خطا ہو گئی مجھ سے قاصد میرے
تیرے ہاتھ پیغام کیوں دے دِیا
خُدایا یہاں تیرے انصاف کے سزا کی جگہ ایک گنہگار کو
بہت مَیں نے چرچے سُنے ہیں مگر
سزا کی جگہ اِک خطا دار کو
بھلا تو نے انعام کیوں دے دِیا
بہاروں نے میرا۔۔۔
تمام شُد

کاشتکاری باغبانی

بیج کھاد ترکاریاں ساگ۔ بھنگری۔ ادرک۔ گوبھی۔ کھیرا۔ اجوائن سنگھاڑا۔ تریا۔ تربوز بیم چکندر۔ اناج کی کھیتی پھولوں کی کھیتی۔ باغبانی میں کام آنے والے اوزار۔ اور سبھی ساگ سبزیوں کا جو اس زمانے میں پیدا ہوتی ہیں۔ پورا حال درج ہے۔

قیمت صرف -/۱/- علاوہ ڈاک خرچ

تمباکو کی دکان

اگر آپ ہر طرح کے کھانے اور پینے والے تمباکو کا کاروبار کرنا چاہتے ہیں۔ تو یہ کتاب آپ کو بہت مدد دے گی۔ اس کی مدد سے آپ لذیذ تمباکو تیار کر سکتے ہیں۔

قیمت -/8/۱ علاوہ ڈاک خرچ

پان کی دکان

ہر طرح کے پان کے مصالحے بنانا ہمارے دیس میں پان کھانا عام رواج ہے۔ اگر آپ اپنے سواد کو زیادہ مزیدار بنانا چاہتے ہیں۔ اور پان میں طرح طرح کے مصالحے ڈالنا چاہتے ہیں۔ تو ہماری اس کتاب کی مدد سے حاصل کریں۔

قیمت صرف -/۱/3 علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کسی زہرہ جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہو چکے ہیں۔ اور مطلب برآری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی خوشامد کرتے کرتے اور جھڑکیاں سہتے سہتے عاجز آ گئے ہیں۔ تو آپ آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگوا کر اس درج کئے ہوئے اصول پر عمل کر کامیابی حاصل کر لیجئے۔ اب تک اس کتاب کی لاکھوں کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں۔ اور ہزارہا حاجتمند اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ آپ بھی منگا کر فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف ۱۔۱ ۸ بمعہ ڈاک خرچ

عملیات تسخیر قلوب

اس کتاب میں بتائے ہوئے اصولوں پر عمل کر کے عورت و مرد کے دل کو اپنی مٹھی میں کرنا بالکل معمولی بات ہے۔ کیونکہ مشق کی ضرورت نہ تا بالکل سہل ہوگا۔ جو لوگ عورتوں کی زبان درازی سے تنگ آ گئے ہیں۔ وہ اس کتاب کو پڑھیں۔ اور دیکھیں کہ ان کی روٹھی ہوئی بیویاں اور پرواہ نہ کرنے والے دل کس طرح خود بخود ان کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔

قیمت صرف ۱۔۱۳ بمعہ ڈاک خرچ

عملیات سحر عالم

اس سلسلہ کی یہ لاثانی کتاب ہے جس کی تعریف احاطہ تحریر میں نہیں آ سکتی فصل [illegible] اور باقی سارے عالموں کے صدر اور اسلامی عملیات لاثانی ہیں کتاب میں درج کر دئے گئے ہیں۔ قیمت ۱۲/۳ بمعہ ڈاک خرچ

روشن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(اعلیٰ پریس دہلی)